پی سی بی کی جانب سے سوست میں پہلی بار خواتین ٹرائلز کا انعقاد

- دو مرحلوں میں 14 شہروں میں یہ ٹرائلز 5 اگست سے 3 ستمبر تک ہوں گے

لاہور، 4 اگست 2024ء:

پاکستان کرکٹ بورڈ کی جانب سے گراس روٹ لیول پر ٹیلنٹ کو اجاگر کرنے کی کوشش کے طور پر 5 اگست سے ملک بھر میں خواتین کے لیے اوپن ٹرائلز کا انعقاد کر رہا ہے۔

ان ٹرائلز کی خاص بات یہ ہے کہ 14 شہروں میں سے، پی سی بی وادی سوست میں پہلی مرتبہ خواتین کے کرکٹ ٹرائلز کا انعقاد کر رہا ہے۔ یہ خطہ اپنے دلکش مناظر اور پرجوش کرکٹ کمیونٹی کے لیے پہچانا جاتا ہے۔ یہ اقدام دور دراز علاقوں میں خواتین کی صلاحیتوں کو تلاش کرنے کے پی سی بی کے عزم کو اجاگر کرتا ہے۔

ٹرائلز دو مرحلوں میں ہوں گے جن میں گلگت، ہنزہ اور سوست میں 5 سے 7 اگست تک ٹرائلز ہوں گے جبکہ دوسرا مرحلہ 21 اگست سے شروع ہو کر 3 ستمبر کو اختتام پذیر ہو گا۔

ٹرائلز کی کسی بھی تاریخ پر بارش ہونے کی صورت میں متعلقہ شہر کے ٹرائلز 4 سے 5 ستمبر کے درمیان کیے جائیں گے۔

سابق بین الاقوامی کرکٹرز اسد شفیق اور بتول فاطمہ جو کہ خواتین کی قومی سلیکشن کمیٹی کی ممبران ہیں ملک بھر میں ٹرائلز منعقد کریں گئے۔اس میں دو کیٹگریز انڈر 19 اور ایمرجنگ ہے۔یکم ستمبر 2005 یا اس کے بعد پیدا ہونے والی کھلاڑی انڈر 19 ٹرائلز کے لیے اہل ہو نگی۔

دوسرے مرحلے میں کھلاڑی آن لائن فارم پُر کر کے ٹرائلز کے لیے خود کو رجسٹر کر واسکتی ہیں جو کہ مقررہ وقت پر دستیاب ہوں گے۔کھلاڑیوں کو ٹرائلز کے لیے اپنے بھرے ہوئے فارمز کا پی اور اصل پیدائشی سرٹیفکیٹس ب فارمز اور شناختی کارڈز ساتھ لانے کی ضرورت ہو گی۔کھلاڑیوں کی سہولت کے لیے وہ گراؤنڈ میں بھی اپنی رجسٹریشن کر واسکتی ہیں۔

سابق ٹیسٹ کرکٹر اور سلیکشن کمیٹی کے رکن اسد شفیق کا کہنا ہے کہ یہ ٹرائلز سلیکٹرز کو خواتین کرکٹرز کی مستقبل کی کھلاڑیوں کو دریافت کرنے اور تیار کرنے میں مدد کریں گے۔ہم اس بات کو یقینی بنانے کے خواہاں ہیں کہ ملک کے ہر کونے سے ٹیلنٹ کو سامنے آنے کا مناسب موقع ملے۔یہ عمل انہیں ڈومیسٹک ٹیموں کی نمائندگی کرنے کے قابل بنائے گا اور پھر مستقبل میں قومی ٹیموں کے لیے کھیلنے کا باعث بنے گا۔

سابق وکٹ کیپر بیٹر اور سلیکشن کمیٹی کی رکن بتول فاطمہ کا کہنا ہے کہ اوپن ٹرائل نوجوان ٹیلنٹ کو پروان چڑھانے کی ہماری کوششوں میں ایک اہم قدم ہیں۔میں تمام والدین سے درخواست کروں گی کہ وہ اپنی بیٹیوں کو ملک گیر سلیکشن ٹرائلز میں حصہ لینے میں ان کی مدد کر کے ان کے کرکٹ کے خوابوں کو پورا کرنے میں مدد کریں۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Pathway Cricket Programme

Broadcast & Live Streaming Partners

PCB Headquarters

Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000

Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk | /PakistanCricketBoard | /TheRealPCB | /TheRealPCB | /PakistanCricketOfficial